ایف۔ سی۔ مہرہ کا پیش کردہ

21

... ہم شکل ۔ آغا ۔ اور
اداکاران

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

قیدی کے گانے

گانا نمبر۱

ہو سیّاں جا جا جا جا
جا میں تیری بات کبھی مانوں ، بالم جا
چلے نہ ایک بہانہ میرا تو آج زمانہ
ہو سیّاں...

دیکھ کے میرے گال یہ گورے تِل پہ میرے ڈال نہ ڈورے
مجھے نہ دیکھ سمجھانا بہانہ نہ ہائے دیوانہ
ہو سیّاں...

میری ادائیں رنگ رنگیلی ہونٹ رسیلے آنکھ نشیلی
ارے یہ ہیں ایک خزانہ مجھے نہ ہاتھ لگانا
ہو سیّاں...

تیرے ارادے جان گئی میں تیری نظر پہچان گئی میں
مجھے نہ دیکھ ستانا میری نہ آس لگانا
ہو سیّاں...

گانا نمبر۲

کچھ تو ایسی بات کر ظالم ، دل بہل جائے میرا بالم
آج میرے پاس ہے تو آج کیسا غم
کچھ تو.....
یہ ہوائیں یہ بہاریں یہ سماں

چھیڑ بھی دو کوئی رنگین داستاں
کل نہ جانے تو کہاں ہو ہم کہاں
مجھ کو....

کچھ ادا سے کچھ نظر سے کام لے
جیسے چپکے ہائے میرا نام لے
میں اُٹھوں تو میرا دامن تھام
مجھ کو....

گانا نمبر ۳

ہم سے بھی آ نے جانے آنکھ ملانا دُور سے
ہو بابو دُور سے کوئی لگانا دُور سے
آنکھوں میں بھر کے لائی باہوں میں بھر کے لائی جلوے پیار کے
گھائل نظر سے کر دے۔ نیر میں سے دِل کو بھر دے
دن ہیں یہ پیار کے
ہم سے....
رُتیں یہ کالی کالی بجلی کے کمر کی ڈالی
جلتی ہے جھوم کے
سنبھلی نظر جو ٹوٹے بجلی دلوں پہ ٹوٹے دیکھو تو گھوم کے
ہم سے....
دُنیا سے تم نہ ڈرنا بھولے سے غم نہ کرنا ہنس کے گزار دے
دو دن کے ہیں یہ میلے تھوڑا مزا لے لے
ہم کو بھی ہار دے — ہم سے ...

گانا نمبر ۵

یوں ہی باتیں نہ بنا تو۔ میرے دل کو نہ جلا تو
دیکھ لی تیری ادا - اجی بس شکریہ
اے میرے جان جہاں۔ یوں یہ ناز ہے کیا
دل کہیں آنکھ کہیں ہے کچھ تجھے ہوش نہیں ہے
کیا تجھے بھول گیا - اجی بس شکریہ....
نہ رہا تجھے یہ اگر - میری الفت کا اثر
کیا ضروری بات ہے - یہ عنایت کی نظر
کر کے رنگین اشارے - دل کیسے چھیڑ ہمارے
سنتی ہے آنکھیں نہ ملا - اجی بس شکریہ....
تو مجھے پیار نہ کر - آنکھ بھی چار نہ کر
میں نے چاہا ہے تجھے - اس سے انکار نہ کر
تو ہی دلدار ہے میرا - تجھ سے ہی پیار ہے میرا
کیا کہوں اس کے سوا - اجی بس شکریہ...

گانا نمبر ۶

چاہے تو نہ بتا مجھے سب ہے پتہ
دیکھ مورے سنوریا ہیں جان گئی رے
تیری نظروں نے نظروں سے مل کے
کہہ دیئے راز سب تیرے دل کے
مجھے سب ہے خبر تیری مجھ پہ ہے نظر تیرا بھولے جیا
چاہے تو....

تیرے دل کے رنگیلے ارادے
ہیں تمہارے بن خوشیاں تو کیا دے
مجھے سب ہے خبر تیری چُپ میں....
چاہے تو....
دل کے ارماں ہیں آنکھوں میں جاگے
کچھ کہوں گی نہ میں اس کے آگے
مجھے سب ہے خبر تیری چُپ میں....
چاہے تو...

گانا نمبر ۶

لڑکا:۔ یوں مسکرا کے سامنے آیا نہ کیجئے
لڑکی:۔ دل لے کے میرے دل کو جلایا نہ کیجئے
لڑکا:۔ کس بات کی خوشی ہے ذرا لب تو کھولیئے
کس سے ہوا ہے پیار کا اقرار بولیئے
لڑکی:۔ اقرار کیجئے تو بھلایا نہ کیجئے
چھائی ہوئی بہار ہے رنگین رات ہے
آئی ہوئی لبوں پہ میرے دل کی بات ہے
لڑکا:۔ دنیا کو دل کی بات بتایا نہ کیجئے
لڑکی:۔ چلنا ادا کے ساتھ تو ہنسنا غرور سے
اپنا سلام سارے حسینوں کو دور سے
اچھا تو ہم کو پاس بلایا نہ کیجئے

گانا نمبر ۷

لڑکی:۔ چھایا ہے تم ان میرا دل ہے جواں
سیّاں من میں جھومے بہار
آجا رے صنم تجھے میری قسم
دیکھ دوں گی میں سب کچھ وار

لڑکا:۔ اچھا
لڑکی:۔ جی ہاں
لڑکا:۔ تیری یہ نظر گئی دل میں اُتر
میرے دل کا بن کے قرار
آئے نہ یقین رہے مجھے ساجن کرے
ہم سے اتنا پیار

لڑکا:۔ اچھا
لڑکی:۔ جی ہاں
شام سہانی لیکر آئی کتنے خواب سُہانے
لڑکا:۔ تن کی دیکھو ایک کہانی من کے لاکھ فسانے
لڑکی:۔ اری کبھی مٹے نہیں تیری لگی
لڑکا:۔ تیری یہ نظر:۔
لڑکی:۔ آج ملاکر تجھ سے آنکھیں من کی بات بتادوں
لڑکا:۔ آجا تیری شوخ ادا پر اپنا پیار لٹادوں
لڑکی:۔ ملے کہاں تیرے نیناں کو کوئی خوشی
لڑکا:۔ تیری یہ نظر:۔

گانا نمبر ۵

بے دردی بریت نہیں جانی
میں تو رو رہی سمجھا جا تم سنگ ناہی بولوں ناہی بولوں
بے دردی...
جا جا رے سیّاں مورے کاہے تیری بتیاں مرورے
تم تو نگھٹ کے پیٹ میں نہیں کھولوں
بے دردی...
میں نہ تیرے بس میں آؤں جا رے جا نہیں انکھیاں ملاؤں
کاہے سیّاں میں تیری ہوؤں
بے دردی

ختم شد

تمباکو کے مرکبات یعنی تمباکو کی دکان

تمباکو کی اشیا بنا کر لوگوں نے ہزاروں روپیہ کما لیا ہے۔ اور اب بھی کما رہے ہیں۔ ہماری اس کتاب میں طرح طرح کے حقہ تمباکو۔ بیڑی۔ سگریٹ۔ سگار۔ سرتی۔ زردہ۔ نسوار۔ مصالحدار خوردنی تمباکو وغیرہ بنانے کے پوشیدہ راز و ترکیبیں و طریقے درج ہیں

قیمت صرف ۱-۱-۲ محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

فلمی گانوں کی ایک بہترین کتاب

سینما سنگیت معروف گویوں کا گورو

یہ ۵۶ء فلمی گانوں کی وہ لاجواب کتاب ہے۔ جسے ملک نے بیحد پسند کیا ہے۔ اسمیں تقریباً ۲۵۰ بہترین فلموں کے چیدہ گانے چھاپے گئے ہیں۔ جنہیں زمانہ حال کے مشہور ستاروں مثلاً کامنی کوشل۔ نرگس۔ ثریا۔ گیتا بالی۔ مینا۔ نمی۔ وجینتی مالا۔ شیاما۔ نروپا رائے۔ اور دلیپ کمار۔ اشوک کمار۔ پردیپ کمار۔ دیو آنند۔ کشور کمار۔ راج کپور۔ بھارت بھوشن وغیرہ نے گایا ہے۔ جنکو ایکبار پڑھنے و سننے سے انسان تڑپ جاتا ہے۔ اور اپنے آپکو بھول جاتا ہے۔

قیمت صرف ۱۔۱۔ محصولڈاک معاف

بغیر اُستاد کے چند دنوں میں ہارمونیم سکھانیوالی کتاب

فلمی ہارمونیم گائیڈ

موجودہ زمانے میں جتنا ہارمونیم کو پسند کرتے ہیں۔ کسی دوسری چیز کو نہیں۔ اور پھر فلمی گانوں پر بجانا بہت ہی پسند کرتے ہیں۔ اسلئے قابل مصنف نے اِس کتاب کے اندر تمام سُر اور گانے جمع کئے ہیں۔ قیمت صرف ۱۸۱ محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(الہ آباد پریس دہلی)